USAID منجانب امریکی عوام

Dairy and Rural Development Foundation

جدید ڈیری فارمنگ کی تربیت کے ذریعے
دودھ اور گوشت کی پیداوار بڑھائیں

ڈیری پراجیکٹ

ڈیری اینڈ رورل ڈویلپمنٹ فاؤنڈیشن

ڈیری پراجیکٹ

ڈیری اینڈ رورل ڈویلپمنٹ فاؤنڈیشن

کا درجہ دے کر مقامی مویشی پال کسانوں کو تربیت کی غرض سے ایک مستقل پلیٹ فارم مہیا کرنا ہے تاکہ جانوروں کی صحت اور پیداوار میں اضافہ کیلئے مویشی پال کسانوں کو جدید فارمنگ کے طریقوں سے بلا معاوضہ روشناس کروایا جا سکے۔ ڈیری پراجیکٹ وہاڑی میں ابتدائی طور پر 50 مکعب میٹر کا بائیوگیس پلانٹ لگانے کے بعد مزید 10 بائیوگیس پلانٹس لگانے کا خواہاں ہے جس سے تیل یا بجلی پر چلنے والے ٹیوب ویل کو بائیوگیس پلانٹ سے پیدا ہونے والی گیس سے چلایا جائے گا۔ اور اس پلانٹ سے حاصل ہونے والی قدرتی کھاد کو زمین کی زرخیزی بڑھانے کیلئے استعمال کیا جائے گا۔

info@dairyproject.org.pk
www.dairyproject.org.pk
www.facebook.com/USAIDairyproject

تعارف

پاکستان کی معیشت کا 21 فیصد زراعت پر مشتمل ہے۔ جبکہ لائیوسٹاک مجموعی قومی پیداوار کے 11 فیصد کے ساتھ پاکستان کے زرعی نظام کا ایک انتہائی اہم جزو ہے جس سے کروڑوں لوگوں کا روزگار وابستہ ہے۔ ایک محتاط اندازے کے مطابق پاکستان میں تقریباً ساڑھے چھ کروڑ گائے، بیل اور ستر لاکھ مویشی پال خاندان پائے جاتے ہیں جن کے پاس اوسطاً دو سے تین جانور پائے جاتے ہیں۔

تاہم بدقسمتی سے لائیوسٹاک کی اس قدرتی دولت سے مالامال ہونے کے باوجود پاکستان میں ابھی تک اس سیکٹر کی ترقی کا خواب پورا نہیں ہو سکا جس کی ایک بڑی وجہ یہ ہے کہ یہاں پروگریسو کمرشل ڈیری فارمنگ کے عام نہ ہونے سے ان کسانوں کی زیادہ تر تعداد گھریلو سطح پر ہی اپنے مویشیوں کی دیکھ بھال اور نشو ونما کرنے پر مجبور ہے۔ اس سلسلے میں مناسب تعلیم و تربیت کے فقدان اور جانوروں کے صحیح علاج تک با آسانی رسائی نہ ہونے کی بنا پر مجموعی طور پر جانوروں کی پیداوار میں نمایاں کمی کے ساتھ ساتھ ان کی شرح اموات میں اضافہ ہو جاتا ہے اور یوں غربت کی چکی میں پسنے والے کسان مزید مالی مشکلات کا شکار ہو جاتے ہیں ۔

یہی وہ خلا تھا جسے پُر کرنے کیلئے **"ڈیری پراجیکٹ"** کا قیام عمل میں لایا گیا۔

ڈیری پراجیکٹ

ڈیری پراجیکٹ ان بے مثال کاوشوں کی ایک کڑی ہے جن کے تحت "ڈیری اینڈ رورل ڈویلپمنٹ فاؤنڈیشن" مصنوعی نسل کشی کی جدید، موثر اور مفید تربیت کے ذریعے دودھیال جانوروں کی پیداواری صلاحیت بڑھانے اور ڈیری فارمنگ کو منافع بخش کاروبار بنانے کیلئے گزشتہ پندرہ سال سے مصروف عمل ہے۔ ڈیری پراجیکٹ کی تکمیل کی غرض سے پاکستان بھر سے بالخصوص صوبہ پنجاب کے ان اضلاع کو منتخب کیا گیا ہے جہاں دیہی سطح پر لائیوسٹاک کی کثیر تعداد ہونے کے باوجود کمرشل ڈیری فارمنگ، ٹیکنیکل ٹریننگ اور ویٹرنری سہولیات نہ ہونے کے برابر ہیں یہاں موجود مویشی پال کسانوں کی ایک کثیر تعداد لائیوسٹاک/ویٹرنری سیکٹر کی بہتری میں مثبت کردار ادا کر سکتی اس سلسلے میں ڈیری اینڈ رورل ڈویلپمنٹ فاؤنڈیشن کی یہ نئی کاوش بے حد لائق تحسین ہے جس کا اک مقصد ڈیری فارمنگ کی جدید، موثر اور آسان تربیت کے ذریعے مندرجہ ذیل فوائد کا حصول ممکن بنانا ہے۔

فارمر ٹریننگ کے فوائد و مقاصد

1۔ ڈیری و لائیوسٹاک سیکٹر میں مویشی پال کسانوں کا جدید ڈیری فارمنگ پر مبنی موثر اور آسان معلومات و طریقوں کا عملی استعمال

2۔ ڈیری فارمنگ کو روائتی طرز سے جدید طریقہ کار پر منتقل کر کے مویشیوں کی بہتر نشو ونما، عمدہ نگہداشت اور بھرپور پیداوار کو ممکن بنانا

3۔ ڈیری کاروبار کی اہمیت اجاگر کر کے مویشی پال بھائیوں کو معاشی اعتبار سے خود مختار بنانا

4۔ لائیوسٹاک/ڈیری سیکٹر کی دیرپا ترقی کو ممکن بنانا

5۔ پاکستان کے دیہی علاقوں میں مجموعی ترقی اور خوشحالی کے عمل کو بہتر اور موثر بنا کر ملک کو خود کفالت کی راہ پر گامزن کرنا

پراجیکٹ کے اہداف اور نتائج

اس تربیتی پروگرام کے تحت ایسے باصلاحیت پڑھے لکھے (مڈل تا میٹرک) کسان بھائیوں کا انتخاب کیا جاتا ہے جنہیں مستند ویٹرنری ماہرین کی زیر نگرانی جانوروں کی خوراک، سوزش حیوانہ، سائیلج کا طریقہ کار (وافر چارے کی فراہمی)، بچھڑوں کی جدید نگہداشت، مصنوعی نسل کشی کے فوائد، فارم کا نظام اور جدید انتظامات، دودھ کی کوالٹی، جانوروں کی صحت، حفاظتی ٹیکہ جات کا شیڈول، فارم ریکارڈ اور ڈیری سے متعلق جملہ امور کی سیر حاصل تربیت دی جاتی ہے جس کا تقریباً **30%** فیصد حصہ تحریری اور **70%** فیصد پریکٹیکل پر مشتمل ہے۔ اسکے علاوہ تمام تربیت یافتگان کو مویشیوں کی بہتر نگہداشت کیلئے ضروری ویٹرنری میڈیکل کٹ دینے کے ساتھ ساتھ انہیں اسناد سے بھی نوازا جاتا ہے۔

ڈیری پراجیکٹ مالی شراکت داری کی بنیاد پر محدود تعداد میں ڈیری فارم مالکان کے فارمز پر جدید ڈیری فارمنگ کے طریقوں پر عمل درآمد کے ذریعے بہتری لانے کا خواہش مند ہے۔ اس شراکت داری کا مقصد منتخب فارم مالکان کے فارمز کو ماڈل ڈیری فارم